F. 6-4 (Edit) /2016 NCPUL Press release

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

jk"Vh; mnw Hkk"kk fodkl ifj"kn

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: urducouncil@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 14/02/2017

# ترجموں کے ذریعے ہی اردو قارئین نئے موضوعات سے متعارف ہوسکتے ہیں: پروفیسر ارتضیٰ کریم

## قومی اردو کونسل میں سوشل سائنس پینل کی میٹنگ

نئی دہلی : اردو زبان ایک ایسی زبان ہے جس میں اتنی لچک اور اتنی جاذبیت ہے کہ دوسری زبانوں کے علوم وفنون کے اظہار کا ذریعہ بن سکتی ہے۔اس حوالے سے آج کی میٹنگ میں جو اہم فیصلے لیے گئے ان میں ہندوستان کے سرکاری ادارے مثلاً: نیشنل بک ٹرسٹ، این سی ای آر ٹی جس نے سوشل سائنس کے حوالے سے اہم موضوعات پر کتابیں شائع کی ہیں۔ ان کتابوں کو اردو میں ترجمہ کرایا جائے۔قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کا بھی یہی مینڈیٹ ہے۔ اگر ہم صرف اپنے شاعروں اور ادیبوں کی بات کریں گے تو شاید ہم اپنے اہداف کو نہیں پار کر پائیں گے۔آج کے عہد میں تخلیق سے زیادہ سائنسی وسماجی مضامین کے ترجموں کی ضرورت ہے کیوں کہ ترجموں کے ہی ذریعے آج کے زمانے کے نئے علوم وفنون اور موضوعات ومسائل سے اردو قارئین متعارف ہو سکتے ہیں۔ یہ باتیں قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر ارتضیٰ کریم نے کونسل کے صدر دفتر میں منعقدہ سوشل سائنس پینل کی میٹنگ میں کہیں۔انھوں نے مزید کہا کہ نیشنل بک ٹرسٹ کے 12 ایسے موضوعات پر مشتمل کتابیں جسے پینل نے منظوری دی ہے بہت جلد شائع ہو کر منظر عام پر آئیں گی۔ جیسے: آنگن باڑی فار آل، ڈیموکریسی ان انڈیا، گلوبلائزیشن اینڈ ڈولپمنٹ، انڈیا ایگریکلچر سنس انڈی پنڈینٹ، پاپولیشن آف انڈیا ان دی نیو ملینیم وغیرہ اردو قارئین کے لیے نہایت اہم موضوعات ہیں۔

اس پینل کی صدارت محترمہ سیدہ سیدین حمید نے کی۔ انھوں نے گزشتہ ایک سال کے اندر تین بار میٹنگ منعقد کرانے پر کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر ارتضیٰ کریم کو مبارک باد پیش کی اور پینل کی کارکردگی پر مسرت کا اظہار کیا۔انھوں نے کہا کہ جس دلجمعی کے ساتھ کونسل کے ارکان کام کر رہے ہیں وہ قابل ستائش ہے۔اس موقع پر پروفیسر رضوان قیصر، جناب نریش ندیم نے بھی مشورے دیے۔

اس میٹنگ میں سیدہ سیدین حمید، پروفیسر ایم ایچ قریشی، پروفیسر رضوان قیصر، محترمہ عذرا عابدی، ڈاکٹر پیرزادہ فہیم الدین، ڈاکٹر مظفر اسلام ڈاکٹر افروز عالم، ڈاکٹر سلیم محی الدین، ڈاکٹر محمد داؤد محسن، محترم سجاد عالم رضوی، جناب نریش ندیم، کے علاوہ کونسل کے پرنسپل پبلی کیشن آفیسر ڈاکٹر شمس اقبال، محترمہ شمع کوثر یزدانی (اسسٹنٹ ڈائرکٹر، اکیڈمک)، محترمہ ذیشان فاطمہ، جناب فیروز عالم (اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر)، شہناز اختر اور ڈاکٹر شاہد اختر نے بھی شرکت کی۔

(رابطہ عامہ سیل)